# 46241 ـ کیا مسجد میں مانگنے والوں کو منع کر دیا جائے ؟

**سوال**

بعض مانگنے والے مساجد میں لوگوں سے بھیگ مانگتے ہیں، اور بعض مساجد کے آئمہ کرام انہیں مانگنے سے منع کرتے ہیں، کیا ان کے پاس منع کرنے کی کوئی دلیل ہے، اور کیا مانگنے والوں کو دینا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

" میں تو اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتا، اور منع کرنے والے کی کسی دلیل کا مجھے کوئی علم نہیں، لیکن اگر مانگنے والے لوگوں کی گردنیں پھلانگتے اور صفوں کے درمیان چلتے ہوں تو انہیں منع کرنا چاہیے، کیونکہ ان کا یہ عمل نمازیوں کے لیے باعث اذیت ہے، اور اسی طرح خطبہ جمعہ کے وقت بھی انہیں ایسا کرنے سے منع کرنا واجب ہے.

کیونکہ ان اور باقی سب نمازیوں کو خطبہ جمعہ کے وقت خاموشی اختیار کرنی واجب ہے، اور اس لیے بھی کہ ان کا مانگنا خطبہ جمعہ سننے میں مانع ہے جس کی بنا پر لوگ اس میں مشغول ہو جائینگے. " انتہی

واللہ اعلم .